نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت تل کی کاشت کے نمائشی پلاٹوں کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب۔

لاہور 14مارچ 2023: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق تیلدار اجناس کی کاشت کی فروغ کے قومی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔اس منصوبہ کے تحت بہاولنگر، خانیوال، وہاڑی، ڈی جی خان، لیہ، مظفر گڑھ، فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، ساہیوال، پاکپتن، اوکاڑہ، قصور، سرگودھا اور جہلم کے 12ایکڑ تک قابلِ کاشت اراضی کے مالک مرد وخواتین کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہوں گے جبکہ مشترکہ کھاتہ رکھنے والے کاشتکار بھی اہل ہوں گے۔اس پروگرام کے تحت حکومت پنجاب کی طرف سے ایک ایکڑ تل کے نمائشی پلاٹ کے اخراجات زیادہ سے زیادہ 15 ہزار روپے فی ایکڑ ادا کئے جائیں گے۔قرعہ اندازی میں کامیاب کاشتکار محکمہ زراعت کی سفارشات کے مطابق نمائشی پلاٹ کاشت کرنے کا پابند ہوگا۔کاشتکاروں کے لئے نمائشی پلاٹ کے علاوہ تین ایکڑ مزید رقبہ پر تل کی کاشت کا پابند ہوگا۔مقابلہ کے لئے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں جو متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر سے مفت حاصل کر سکتے ہیں یا محکمہ زراعت کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔فارم فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔کاشتکار درخواستیں اپنے ضلع کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں **20 اپریل 2023** تک جمع کرواسکتے ہیں۔مزید معلومات کے لئے خواہشمند کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر **04299200752** پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆